# PAKISTAN

## یومِ پاکستان کے موقع پر اڈیالہ جیل میں ناحق قید
## بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کا خصوصی پیغام

- یومِ پاکستان کے موقع پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں
- 23 مارچ تصورِ پاکستان کا امین اور ایک اسلامی فلاحی ریاست کے حصول و قیام کے عہد کا دن ہے
- اس مبارک دن کے موقع پر غلام ہندوستان کے مسلمانوں نے اقبالؒ کے فلسفۂ خودی اور خود مختاری سے روشنی پاتے ہوئے جناب قائدِ اعظم کی قیادت میں ایک آزاد مملکت کے حصول کا عہد باندھا
- بانیانِ پاکستان کے آزاد مملکت کے حصول کا ہدف مسلمانانِ ہند کیلئے قانون کی حکمرانی، مساوات، عدل و انصاف اور جمہوری اقدار و روایات کی پاسبان ریاست کے قیام سے مزین تھا
- یومِ پاکستان کے روز آج پاکستان کو بانیانِ پاکستان کے تصورات و فرامین کی روشنی میں دستور و قانون اور فلاح و ترقی سے آراستہ ایک جمہوری ریاست کی صورت میں ڈھالنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں
- ہمارا عہد ہے کہ غلامی کی کسی صورت کو قبول کریں گے نہ دستور کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور قوم کی حقیقی آزادی سے کم کسی شے پر مطمئن ہوں گے

عمران خان بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف | منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ